[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

**A**

**BILL**

*further to amend the Heavy Industries Taxila Board Act, 1997*

Whereas it is expedient further to amend the Heavy Industries Taxila Board Act, 1997 (XII of 1997), for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.** (1) This Act shall be called the Heavy Industries Taxila Board (Amendment) Act, 2019.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 6, Act XII of 1997. –** In the Heavy Industries Taxila Board Act, 1997 (XII of 1997), hereinafter called as the said Act, in section 6, in sub-section (I), for the words "surplus capacity" the words "commercial potential" shall be substituted.

3. **Amendment of section 7, Act XII of 1997. –** In the said Act, in section 7, for clause (h), the following shall be substituted, namely:-

"(h) to utilize, create and enhance commercial capacity and capability for manufacturing marketable products, promote sales thereof and provide services within country and abroad, through;-

(A) establishment of limited company under the Companies Act, 2017 (XIX of 2017) to undertake with approval of the Board, commercial activities on corporate lines with private or public sectors both within country and abroad for the following, namely:-

(i) undertake joint ventures with experienced national and international partners;

(ii) establish subsidiary companies;

(iii) without utilizing public money, raise funds through private investment or bank credit;

(iv) maintain receipt and expenditure account of the commercial revenue in scheduled banks jointly operated in consultation with member finance;

(v) frame audit, accounts and costing manuals on modern techniques; and

(vi) marketing of commercial products through internal marketing department or through hiring of agents; and

(vii) formulate own recruitment and procurement procedures; and

(B) the company and its subsidiaries subject to audit by the Chartered Accountants firms; and

(C) revenue earned by utilizing commercial activities to subsidize defence budget which will reduce burden on national economy, for reinvestment and to provide benefit to the Board's management and employees in prescribed manners".

---

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Heavy Industries Taxila (HIT) functions under a Board established in 1994 which was later enacted by the Parliament as HIT Board Act No. XII of 1997. Principal function of the Board is to meet needs of defence of the country and utilize surplus capacity for commercial activities. Creation of potential outside the realm of existing capacity is essentially required to optimally utilize commercial potential of HIT and earn sufficient revenue to subsidize its budget. This can be achieved through Joint Ventures (JVs) with local entrepreneur and foreign companies.

2. HITB functions under Government rules/regulations which do not commensurate with corporate requirements and are counterproductive to providing competitive edge in business. The proposed JVs under a Limited Company can be jointly administered with private investors. Financial discipline in the venture can be ensured by JV partners having profit motive.

3. Rebuild and manufacturing factories of HIT are specialized defence projects, and HIT, with over 35 years' experience, has achieved vast commercial potential. HIT is considered suitable for JV programmes with national/international partners for in-country manufacturing of commercial products such as automobiles, trucks, prime movers, railway wagons etc. If this potential is tapped to its optimum, sufficient revenue can be generated to subsidize ever increasing demand of funds for support of Army project.

MS. **Zobaida Jalal**
**Minister for Defence Production**

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

# ہیوی انڈسٹریز ٹیکسلا بورڈ ایکٹ، ۱۹۹۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں رونما ہونے والی اغراض کے لیے ہیوی انڈسٹریز ٹیکسلا بورڈ ایکٹ، ۱۹۹۷ء (نمبر۱۲ بابت ۱۹۹۷ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ ہیوی انڈسٹریز ٹیکسلا بورڈ (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۱۹ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر۱۲ بابت ۱۹۹۷ء کی، دفعہ ۶ کی ترمیم:۔** ہیوی انڈسٹریز ٹیکسلا بورڈ ایکٹ، ۱۹۹۷ء (نمبر۱۲ بابت ۱۹۹۷ء)، بعد ازاں جسے مذکورہ ایکٹ کے نام سے موسوم کیا جائے گا، کی دفعہ ۶ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، الفاظ ''اضافی صلاحیت'' کو الفاظ ''تجارتی وسائل'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۳۔ **ایکٹ نمبر۱۲ بابت ۱۹۹۷ء کی، دفعہ ۷ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ (۷) کی شق (ح) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(ح) اضافی صلاحیت کو استعمال کرنے، پیدا کرنے اور بڑھانے کے لیے اور تجارتی مصنوعات کی پیداوار، اس کی فروخت بڑھانے اور اندرون و بیرون میں خدمات سرانجام دینے کے لیے، اگرچہ:۔

**(الف)** کمپنیات ایکٹ، ۲۰۱۷ء (نمبر۱۹ بابت ۲۰۱۷ء) کے تحت، بورڈ کی منظوری سے، اندرون و بیرون ملک دونوں میں نجی یا سرکاری شعبوں میں تجارتی سرگرمیوں کو ذمہ لینے کے لیے لمیٹڈ کمپنی کا قیام، یعنی:۔

**(اوّل)** ملکی اور غیر ملکی تجربہ کار فریقین کے ساتھ مشترکہ مہم کا ذمہ لینا؛

**(دوم)** ذیلی کمپنیات کا قیام؛

**(سوم)** سرکاری رقوم استعمال کیے بغیر، نجی سرمایہ کاری یا بینک قرضہ کے ذریعے فنڈز کا فروغ؛

**(چہارم)** مالیاتی رکن کی مشاورت سے، مشترکہ عمل کاری کرتے ہوئے، جدول بینکوں میں تجارتی محصول کی وصولی اور ادائیگی کا کھاتہ برقرار رکھنا؛

**(پنجم)** جدید تکنیکی طریقہ ہائے کار پر محاسبہ، حسابات اور اآگتی دستور العمل بنانا؛ اور

**(ششم)** شعبہ اندرون بازارکاری کے ذریعے یا کارندوں کو کرایہ پر لینے کے ذریعے تجارتی مصنوعات کی بازارکاری؛ اور

**(ہفتم)** بھرتی اور فراہمی کے اپنے طریقہ ہائے کار کو منضبط کرنا؛ اور

**(ب)** کمپنی اور اس کے ذیلی ادارے چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ فرموں کے محاسبے کے تابع ہوں گے؛ اور

**(ج)** تجارتی سرگرمیوں کو استعمال کرتے ہوئے کمایا گیا محاصل دفاعی بجٹ میں امدادی رقم فراہم کرے جو کہ قومی معیشت پر بوجھ کو کم کرے گی، دوبارہ سرمایہ کاری کے لیے اور بورڈ کی انتظامیہ اور اس کے ملازمین کو صراحت کردہ طریقہ کار میں انتفاع کے لیے فراہم کیا جائے گا''۔

# بیان اغراض و وجوہ

ہیوی انڈسٹریز ٹیکسلا (ایچ۔آئی۔ٹی) ۱۹۹۴ء میں قائم کردہ بورڈ کے تحت فرائض سرانجام دے رہا ہے، جس کے لیے بعدازاں ایوان کی جانب سے ایچ آئی ٹی بورڈ ایکٹ نمبر ۱۲ بابت ۱۹۹۷ء وضع کیا گیا تھا۔ بورڈ کا بڑا مقصد ملکی دفاعی ضرورتوں کو پورا کرنا اور تجارتی سرگرمیوں کے لیے اضافی صلاحیت کا استعمال کرنا ہے۔ موجودہ استعداد کے دائرہ کار سے باہر، صلاحیت کا پیدا کرنا لازماً درکار تھا تاکہ ایچ آئی ٹی کی تجارتی صلاحیت کو حقیقت میں استعمال کیا جاسکے اور بجٹ کو رقم فراہم کرنے کے لیے کافی محاصل کو پیدا کیا جاسکے۔ یہ مقامی آجر اور بیرونی کمپنیات کے ساتھ مشترکہ مہمات (JVs) کے ذریعے سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

۲۔ ایچ آئی ٹی بی حکومت کے قواعد ضوابط کے تحت کام کرتا ہے جو کہ کارپوریٹ ضروریات کے متوافق نہیں ہیں جو کہ کاروبار میں مسابقتی حد فراہم کرنے والی منشاء کے خلاف ہے۔ لمیٹڈ کمپنی کے تحت مجوزہ JVs کو نجی سرمایہ داروں کے ساتھ مل کر مشترکہ طور پر منضبط کیا جاسکتا ہے۔ منافع کے محرک رکھنے والے JV فریقین کی جانب سے مہم میں مالیاتی انضباط کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔

۳۔ ایچ آئی ٹی کی ازسرنو اور پیداواری فیکٹریاں خاص دفاعی منصوبہ جات ہیں، اور ایچ آئی ٹی، نے ۳۵ سال سے زائد تجربہ کی بنیاد پر، وسیع تجارتی صلاحیت حاصل کر لی ہے، اندرون ملک تجارتی مصنوعات جیسا کہ آٹو موبائل، ٹرک، پرائم موورز، ریلوے ویگن وغیرہ کی پیداوار کے تناظر میں قومی بین الاقوامی فریقین کے ساتھ JVs پروگرام کے لیے ایچ آئی ٹی موزوں تصور کی جاتی ہے۔ اگر اس صلاحیت کو اس کے بہترین حالات میں استعمال کیا جائے تو فوجی منصوبہ کی معاونت کے لیے فنڈز کی کسی بھی بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کے لیے، حسب ضرورت محاصل پیدا کیے جاسکتے ہیں۔

زبیدہ جلال

وزیر برائے دفاعی پیداوار